© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور:

# دعوت رجوع الی القرآن کی تحریک

لگ بھگ ربع صدی قبل شروع ہونے والے ’رجوع الی القرآن کورس‘ کو مرکزی انجمن خدام القرآن اور اس کے بانی و مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد ﷺ کی دینی و قرآنی خدمات میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ 1984-85ء میں دوسالہ تدریسی وتربیتی کورس کی حیثیت سے اس اہم تعلیمی سرگرمی کا آغاز ہوا اور ابتدائی تین بیچز (batches) سے لگ بھگ 50 کے قریب اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد نے علمِ قرآنی کے اس سرچشمے سے فیض حاصل کیا۔ کچھ عرصے کے بعد محسوس کیا گیا کہ بہت سے حضرات کے لیے اس کام کے لیے دوسال کا عرصہ نکالنا نہایت مشکل ہے...... لہٰذا دوسالہ کورس کے نصاب کو ازسرِنو ترتیب دے کر اسے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس کی شکل دی گئی، جو بحمد اللہ تعالیٰ تسلسل اور کامیابی کے ساتھ جاری رہا اور ہر سال اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک سے بیسیوں طالبانِ علمِ قرآن اس کورس سے استفادہ کرتے ہیں جن میں ایک نمایاں تعداد خواتین کی بھی ہوتی ہے۔

یہ کورس اصلاً مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ تعلیم یافتہ اور باشعور افراد کے لیے ترتیب دیا گیا ہے‘ لہٰذا اس کورس سے استفادہ کرنے والوں میں ڈاکٹرز‘ انجینئرز‘ سافٹ ویئر وہارڈ ویئر انجینئرز‘ ایم بی اے‘ کاروباری اور ملازمت پیشہ افراد‘ حاضر سروس اور ریٹائرڈ فوجی اور سول آفیسرز‘ نوجوان اور پختہ عمر‘ غیر ملکی اداروں سے فارغ التحصیل وغیرہ...... غرض یہ کہ ہر نوع اور ہر پیشے سے وابستہ افراد نے اس کورس سے استفادہ کیا ہے۔ ابتدائی تجربات کے بعد جب یہ صورتِ حال سامنے آئی کہ بہت سے غیر ممالک میں مقیم ہمارے رفقاء واحباب بھی ہر سال اس کورس میں شرکت کے لیے تشریف لاتے رہے ہیں اور ان کے لیے مکمل ایک سال spare کرنا اور جون جولائی کی گرمی کو برداشت کرنا بھی ایک مشکل کام ہے...... لہٰذا ان کی سہولت کے پیش نظر اس کورس کے دورانیے کو مزید کم کر کے نو ماہ تک محدود کر دیا گیا...... اور کوشش یہ کی گئی کہ زیادہ intensive study کے ذریعے اس کم عرصے میں ہی کورس کی تکمیل کروا دی جائے۔ اس اہتمام کے تحت اس نو ماہ پر مشتمل کورس کو تقریباً ساڑھے چار ماہ کے دو سمسٹرز میں تقسیم کر دیا گیا تا کہ شرکاء کے لیے یہ موقع رہے کہ اگر وہ یک بارگی پورے نو ماہ نہ بھی نکال پائیں تب بھی مختلف batches کے ساتھ دو سمسٹرز کو الگ الگ مکمل کر سکیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رجوع الی القرآن کی مذکورہ بالا تدریج وارتقاء سے جہاں اس بات کا حصول ممکن ہوسکا کہ متوقع شرکاء کی سہولت اور تفریغ اوقات میں آسانی پیدا کی جائے وہیں یہ تشنگی بھی محسوس کی گئی کہ نو ماہ کے مختصر عرصے میں کم استعداد کے حامل افراد کے لیے اس کورس سے بتمام وکمال فائدہ اٹھانا مشکل ہو رہا ہے اور مطلوبہ استعداد حاصل نہیں ہو پا رہی جو اس کورس سے ہمارے پیش نظر ہے...... تو سال 06-2005ء میں رجوع الی القرآن کورس کا پارٹ II متعارف کرایا گیا...... تاکہ ایسے لوگ جو اپنا وقت بھی نکال سکیں اور رسوخ فی العلم کی اعلیٰ منازل بھی حاصل کرسکیں انہیں اس کے لیے ایک مناسب اور سازگار انتظام فراہم کیا جائے۔ پارٹ II اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک advanced course ہے۔ اس میں عربی زبان وادب، علوم قرآنی، علم الحدیث، علم الفقہ وغیرہ کی تدریس اُس معیار پر کی جاتی ہے کہ جو متداول مراکز علم میں گریجوایشن کی سطح پر رائج ہے۔ اس کورس سے استفادے کے لیے رجوع الی القرآن کورس پارٹ I کو امتیازی حیثیت کے ساتھ پاس کرنا لازم ہے ورنہ اس سے استفادہ کما حقہ ممکن نہیں ہوتا...... البتہ پارٹ II سے بحسن وخوبی گزرنے کے بعد طالبانِ قرآن کو فہمِ قرآن اور دعوت الی القرآن کے لیے مناسب استعداد میسر آجاتی ہے۔ فَلِلّٰہِ الْحَمد!

اس سال ان شاء اللہ العزیز 2 ستمبر سے رجوع الیٰ القرآن کورسز پارٹ I اور پارٹ II کے نئے بیچز کی تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ صدر مؤسس مرکزی انجمن خدام القرآن و بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ نے ناامیدی کے اندھیروں میں چراغِ سحری کی تلاش جاری رکھی اور ایسے اہل اور باصلاحیت نوجوانوں کو اس کام کے لیے تلاش کرتے رہے کہ جن کے خلوص اور سعی وجُہد سے ظلمتوں کے اندھیرے اور ناامیدی کے بادل چھٹنے کی توقع کی جاسکتی ہو۔ ایسے باہمت اور پُرعزم لوگوں کے لیے رجوع الی القرآن کورسز ایک نعمت غیر مترقبہ کا درجہ رکھتے ہیں۔ ان کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ ابھی اس کورس کے آغاز میں ایک ماہ باقی ہے جس میں اگر وہ ہمّت کریں تو تفریغ اوقات کا سامان میسّر کرسکتے ہیں۔ ایسے باہمت لوگوں کو ہماری دعوت ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور اس کارِ عظیم میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے اُس علمی استعداد کو حاصل کرنے کی کوشش کریں کہ جس کا اہتمام مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے تحت قرآن اکیڈمی میں کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی کتابِ عزیز کی تعلیم وتعلّم کے ضمن میں ہونے والی جملہ مساعی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

دعوت رجوع الی القرآن کی اساسی دستاویز
ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ کی مقبولِ عام تالیف
مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق
اشاعت خاص: 45 روپے اشاعت عام: 25 روپے



© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com